© rasailojaraid.com



مظالم کا تذکرہ پایا جاتا ہے۔زیرِ تبصرہ کتاب میں بھی اس طرح کے کئی واقعات کا ذکر پڑھنے کو ملتا ہے۔مگر جو بات اس کو باقی کتابوں سے ممیّز کرتی ہے وہ ایک خاص شہر (لدھیانہ) کے لوگوں کے ساتھ جو کچھ بیتی اسے بڑی تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔اور اس کے لئے مصنف نے فیصل آباد، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گوجرہ، کمالیہ، رجانہ، کراچی، جہلم، شورکوٹ، حافظ آباد، شیخوپورہ اور دیگر کئی شہروں میں رہنے والے لدھیانہ کے لوگوں سے ملاقاتیں کیں، اور اڑھائی سال تین سو مختلف گاؤں کے لوگوں کے انٹرویو کئے۔ ہر راوی کا تعارف اس کا فوٹو اس کے خاندان کا شجرہ نسب کتاب میں درج کر دیا گیا ہے، کتاب میں کئی نایاب تصاویریں بھی شامل کی گئی ہیں۔اور لدھیانہ کی اہم شخصیات (حافظ لدھیانوی، صوفی برکت علی، عبدالقادر، آغا شیر احمد خاموش، ایم حمزہ، حمید اختر، ماسٹر تاج الدین انصاری، مولانا حبیب الرحمٰن لدھیانوی اور مولانا نور احمد حقانی) کا تذکرہ بڑی تفصیل سے درج ہے۔　　**(مبصر: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)**

● **نام کتاب:** ''حکمت بالغہ'' خصوصی اشاعت: جنوبی ایشیاء میں ہندو مسلم نظریاتی کشاکش

**مدیر مسئول:** انجینئر مختار فاروقی

**ضخامت:** ۱۶۸　　**قیمت:** ۱۵۰ روپے

**ناشر:** قرآن اکیڈمی'' لالہ زار کالونی نمبر ۲ ٹوبہ روڈ جھنگ صدر

ماہنامہ ''حکمت بالغہ'' جھنگ کی یہ خصوصی اشاعت ہندو مسلم نظریاتی اختلافات سے لے کر مسلم، غیر مسلم نظریاتی کشاکش پر محیط ہے، جس میں بتایا گیا ہے کہ یہ مسئلہ ایک صدی قبل بھی اہم تھا اور آج اس سے بھی کئی گنا زیادہ اہم ہے۔ پہلے صرف برطانوی ہند کا مسئلہ تھا، اب یہ عالمی مسئلہ ہے۔ پہلے یہ ہندو مسلم کشاکش تھی اب یہ مغربی تہذیب کا نقطہ عروج سیکولرزم اور لبرل ازم بمقابلہ اسلام کا مسئلہ بن چکا ہے۔

زیرِ نظر رسالہ دس ابواب پر مشتمل ہے۔ ہندو تاریخ کے آئینے میں، ہندومت اور ہندو کے بارے میں افکارِ معاصرین قوموں کا عروج و زوال، ہندو تہذیب وثقافت واقدار، ہند اور سندھ آٹھویں صدی عیسوی تک، ہندو مسلم آمنے سامنے، انگریز ہندو اور مسلمان، تحریک آزادی میں ہندو مسلم کردار، پاک بھارت موجودہ ہندو مسلم کشاکش اور پاکستان کا مستقبل جیسے اہم عنوانات پر معروف مصنفین کی تحریریں شامل ہیں جن میں اس موضوع پر سیر حاصل بحث کی گئی ہے۔کہ مسلمانوں کے خلاف کفریہ طاقتوں کے گٹھ جوڑ نے عالم اسلام کے خلاف ایک غیر اعلانیہ جنگ چھیڑ رکھی ہے۔ جو گذشتہ تین صدیوں سے مسلسل جاری ہے۔

حکمتِ بالغہ کے مدیرِ مسؤل جناب انجینئر مختار فاروقی قابلِ تحسین ہیں کہ اس خصوصی اشاعت میں نہایت اہم موضوع پر معیاری تحریریں جمع کر کے اہلِ تحقیق وذوق کی تسکین کا سامان کیا ہے۔　　**(مبصر: شیخ حبیب الرحمٰن بٹالوی)**

☆☆☆☆



© rasailojaraid.com